5

مذہبی تہوار

تہوار انسانی زندگی کا حصہ ہیں۔ یہ وہ مواقع ہیں جب لوگ مل کر خوشیاں مناتے ہیں اور ایک دوسرے کی خوشیوں میں شریک ہوتے ہیں۔ مسلمان عیدین یعنی عید الفطر اور عید الاضحیٰ مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ مناتے ہیں۔ ہمارے ملک میں عیدین کے علاوہ عید میلاد النبی ﷺ، عُرس حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ، میلہ چراغاں اور جشنِ بہاراں مذہبی اور ثقافتی تہوار ہیں جو مذہبی اور علاقائی رسم ورواج کے مطابق منائے جاتے ہیں۔

دُنیا کے دوسرے مذاہب کے لوگ بھی تہوار مناتے ہیں مثلاً کرسمس، بیساکھی، دیوالی اور ہولی دوسرے مذاہب کے تہوار ہیں۔

عید الفطر

رمضان المبارک کے روزے مکمل ہونے کے بعد یکم شوال کو مسلمان خوشی مناتے ہیں، اسے "عید الفطر" کہا جاتا ہے۔ عید الفطر کے دن مسلمان خوشی سے گلے ملتے ہیں۔ غریب مسلمانوں کو اپنی خوشیوں میں شریک کرنے کے لیے عید سے پہلے صدقۂ فطر دیا جاتا ہے۔

عیدالاضحیٰ

مسلمان 10 ذوالحجہ کو عیدالاضحیٰ مناتے ہیں۔ اس دن مسلمان جانوروں کی قربانی کرتے ہیں اور قربانی کا گوشت رشتہ داروں، دوستوں اور غریبوں میں تقسیم کرتے ہیں۔

عید میلادالنّبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

12 ربیع الاوّل کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش کی خوشی میں عید میلادالنّبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منائی جاتی ہے۔

عُرس

لاہور میں حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کا عُرس اور میلہ چراغاں بھی بڑے شوق سے منائے جاتے ہیں۔

کرسمس

مسیحی ہر سال 25 دسمبر کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا یومِ پیدائش مناتے ہیں۔ اسے "کرسمس" کہتے ہیں۔

دیوالی اور ہولی

دیوالی اور ہولی ہندوؤں کے مذہبی تہوار ہیں۔

بیساکھی

بیساکھی سکھوں کا مذہبی تہوار ہے۔

مشق

1- مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں:

ہولی	حضرت عیسیٰ علیہ السّلام	صدقہ فطر	عید الاضحیٰ	عید الفطر

(i) عید الفطر کی خوشیوں میں غریبوں کو شامل کرنے کے لیے---------دیا جاتا ہے۔

(ii) ہندوؤں کے مذہبی تہوار دیوالی اور--------ہیں۔

(iii) عیدین سے مُراد----------اور عید الاضحیٰ ہے۔

(iv) مسلمان 10 ذوالحجہ کو------------مناتے ہیں۔

(v) 25 دسمبر کو ہر سال----------کا یوم پیدائش منایا جاتا ہے۔

2- درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

(i) عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کب منائی جاتی ہے؟

(الف) 10 ذوالحجہ کو (ب) یکم شوال کو (ج) 12 ربیعُ الاوّل کو

(ii) ہولی کِن کا تہوار ہے؟

(الف) سکھوں کا (ب) ہندوؤں کا (ج) عیسائیوں کا

(iii) کرسمس کا تہوار کب منایا جاتا ہے؟

(الف) 10 جنوری کو (ب) 25 دسمبر کو (ج) 9 نومبر کو

(iv) میلہ چراغاں کس شہر میں منایا جاتا ہے؟

(الف) لاہور میں (ب) ملتان میں (ج) فیصل آباد میں